الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ١٠٦٩٨ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name : **mubeen**
Address : **Lahore Pakistan**
Subject : **JAIZ-NAJAIZ**
Writer : ضیاء الرحمن

Serial No : **11262**
Date : **6/11/2013**
Contact No:
Email :

MODE: **Regular**

Save/Print

1.agar ma baap ka haqeeqa nahi hua ho to kya wo apne bachoo ka haqeeqa kar sakte ha
2.bachoo ka haqeeqe ka tareqa kya ha zara wazahat ka saath baate kyu ka mare bhai ka ha beti hu ha or wo mashaallah 5 din ki ho gye he us ka haqeeqa karna ha

اگر ماں باپ کا عقیقہ نہیں ہوا تو کیا وہ اپنے بچوں کا عقیقہ کر سکتے ہیں۔ بچوں کا عقیقہ کا طریقہ کیا ہے ذرا وضاحت کے ساتھ بتائیں کیونکہ میرے بھائی کے ہاں بیٹی ہوئی ہے اور وہ ماشاءاللہ 5 دن کی ہوگئی ہے اسکا عقیقہ کرنا ہے۔

## الجواب حامداً ومصلیاً

بچوں کا عقیقہ درست ہونے کیلئے ماں باپ کا عقیقہ ہونا ضروری نہیں بلکہ اس کے باوجود بھی وہ کر سکتے ہیں۔

جبکہ عقیقہ کا طریقہ یہ ہے کہ ساتویں روز بچے کے بال صاف کر کے اس کو چاندی کیساتھ تلوا کر صدقہ کیا جائے اور اس وقت تک اگر بچے کا نام نہ رکھا ہو تو کوئی اچھا نام رکھا جائے پھر اگر پیدا ہونے والا بچہ لڑکا ہو تو دو بکرے اور اگر لڑکی ہو تو ایک بکری ذبح کرے اور اس کا گوشت چاہے تو سارا کچا تقسیم کر دے یا پکا کر رشتہ داروں وغیرہ کو کھلا دے اور اگر قربانی کی طرح اس کے تین حصے کئے جائیں تو یہ زیادہ بہتر ہے۔

فی الشامی: یستحب لمن ولد له ولد أن یسمیه یوم أسبوعه ویحلق رأسه ویتصدق عند الأئمة الثلاثة بزنة شعره فضة أو ذهبا ثم یعق عند الحلق عقیقة إباحة الی قوله .... وهی شاة تصلح للأضحیة تذبح للذکر والأنثی سواء فرق لحمها نیئا أو طبخه بحموضة أو بدونها مع کسر عظمها أولا واتخاذ دعوة أولا وبه قال مالك. وسنها الشافعی الخ (٦/٣٣٦) واللہ اعلم

ضیاء الرحمن غفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٢٥ / ربیع الاول ١٤٣٥ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٢٥ / ٣ / ١٤٣٥ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ
٢٦ ربیع الاول ١٤٣٥ھ

دار الافتاء ١١٢٦٢ ١٤٣٥/٣/٢٦

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

30/1/16